وَلَا تَقُولُوا لِمَن يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ

بتفضیل خلاق مدبرین نام قمر بی بدان سعادت توامان تازہ تالیف کاشف حقائق فروع و اصول
واقف دقائق معقول و منقول شمس منشا باللہ ودی الی اللہ حضرت اجل الازکا مولانا شاہ سلامت اللہ صاحب

التحفة المنصفية
والهدية الاحمدية
فی ادلة
سماع الموتٰی و
حیاتهم السرمدیه

حسب الارشاد عالیجناب سیادت مآب سید منصف علی صاحب نجابت مآب شرافت دستگاہ محب الفقراء معاون علماء
مروج شریعت محی سنت مقبل بارگاہ حضرت جل شانہ عالیجناب حافظ احمد علی خان صاحب سلمہ الرحمن

مطبع احمدی ریاست رامپور میں حاجی کلن خاں کے چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہین علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ اہل سنت والجماعت کا نسبت سماع موتی موافق قرآن وحدیث کے کیا عقیدہ ہے اور وہ آیات واحادیث کون کونسی ہین اور مخالفین کے اعتراضات کا کیا جواب ہے اولہ مین آیات واحادیث بالتفصیل تحریر فرمائے جاوین بینوا توجروا۔

الجواب واللہ سبحانہ الموفق للصواب

اہل سنت والجماعت کا عقیدہ نسبت سماع موتیٰ موافق قرآن شریف اور احادیث متواترالمعنی کے یہ ہے کہ مردے سب سنتے ہین دیکھتے ہین اپنے جان پہچان والونکو جانتے ہین پہچانتے ہین اونسے اُنس کرتے ہین اونکے سلام کا جواب دیتے ہین جو نیا مردہ مرکر اونکے پاس پہونچتا ہے اپنے سب گھروالونکا احوال پوچھتے ہین۔ اپنے گھر کی بلی تک کا حال دریافت کرتے ہین اور حضرت مومن کے مردہ کی نسبت یہ عقیدہ نہین ہے بلکہ کافر مومن سب کو بعد مرنے کے ادراک اور شعور اور حواس کامل ہوتے ہین جیسے زندگی کی حالت مین تھے اوسمین کچھ تفاوت نہین ہوتا۔ بلکہ وہ ادراکات اور شعور بڑھجاتے ہین حتیٰ کہ اولیاء اللہ بقدرت الٰہیہ بعد انتقال کے اس عالم مین مدبر اور متصرف ہوتے ہین حاجتمندون کی حاجت روائیان کرتے دور دور انسے بھی فریاد کرنیوالونکی فریادرسی فرماتے ہین شہداء اللہ تعالیٰ کی طرف سے رزق پاتے ہین اونکو حیات دنیوی اور

حواس ظاہری اور باطنی سب عطا ہوتے ہین وہ کہاتے اور پیتے بہی ہین اور جہان چاہتے ہین زمین
ور آسمان اور جنت وغیرہ مین پہرتے پہراتے ہین بعضے نکاح بہی کرتے ہین اور زندون سے ملاقاتین
کرتے ہین اونکی مدد کو پہونچتے ہین اپنے گہرون کو بہی آتے ہین اپنے متعلقینِ لایق کو دعائین دیتے ہین
اونکے نیک کامون سے خوش ہوتے ہین اونکے برے کامون سے ناخوش ہوتے ہین اونکو نصیحتین
بہی کرتے ہین اونکے اعمال وافعال روزانہ سے بہی واقف ہوتے ہین اور اپنی اپنی شان اور
کمال کے مناسب ونکے ساتھہ معاملہ دعا یا بددعا اور مدد کا کرتے ہین اور جسطرح ارواحِ مقدسہ
اپنے شعور وادراکات وقوتِ الٰہیہ سے عالم کے لوگون کی اصلاح وفتح یا شکست وغیرہ مین کام آتے
ہین اسیطرح ارواحِ خبیثہ اپنی خباثت کا اظہار کرتے ہین اور خباثت وفسادات کو پہیلاتے ہین اور
نفع وضرر سے لوگون کے واقف ہوکر اوسکے موافق اونکے ساتھہ برتاؤ کرتے ہین اور بعد مرنیکے
ناقصون کی تکمیل اور ترقی بہی ہوتی ہے عالم برزخ مین یہانتک کہ قرآن شریف حفظ کرنیوالیکے
واسطے قبر مین فرشتہ مقرر ہوتا ہے اور یہ پر اگر اونکو یہ سب الہ ہو ہے سمع وبصر وادراک وشعور
ممکن نہین عمرو وزید عذاب وثواب بہی پیش ہوتے ہین اگر شعور وادراک نہین تو عذاب وثواب کا
نفع کیا حالانکہ علم عقائد کا یہ مسئلہ متفق علیہا ہے اور انکار سماعِ موتی اور اونکی ادراک وشعور کا
اور مرکر مثل جماد کی ہوجانا بعض شیعہ اور معتزلہ کا مذہب ہے اور ہمارے یہان کے محققین علما نے
منکرِ سماع وشعور وادراکِ موتی کو جاہل اور ملحد فرمایا ہے ان سب امور کی تشریح اور تفصیل اور
ہر ایک بات پر کامل دلیل آیات کریمہ واحادیث صحیحہ وآثار صریحہ سے مقتضی کمالِ اطناب اور
تطویل ہے لہذا قدر اجمال پر اکتفا کرتا ہون اسباب مین جن صاحبونکو تفصیل منظور ہو میرے
رسائل کو ملاحظہ فرمائین خصوصًا رسالہ **تبشیر الوری بحضور المصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**
جو تحفہ حنفیہ عظیم آباد پٹنہ مین مطبوع ہوکر شائع ہوچکا ہے اور دوسرا رسالہ بیس جزو کا **عمران القلوب**
والارواح کہ ہنوز مطبوع نہین ہوا کافی ہے والی اللہ سبحانہ المصیر ونعم المولی ونعم النصیر

پہلی آیت ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون

پہلی آیت

تفسیر روح البیان میں ہے وفی الآیۃ دلالۃ علی ان الارواح تبقی بعد الموت دراکۃ وعلیہ الجمہور انتہی **بیضاوی میں** ہے فیہا دلالۃ علی ان الارواح جواہر قائمۃ بانفسہا مغایرۃ لما یحس من البدن تبقی بعد الموت دراکۃ وعلیہ جمہور الصحابۃ والتابعین وبہ نطقت الآیات والسنن انتہی اس کے **حاشیہ خفاجی** میں ہے وہو المذہب الحق **تفسیر احمدی** میں ہے حیوۃ الشہداء قدر مایذوق النعیم معلومۃ بالنص القطعی وفی کلام الامام الزاہد ان للشہداء لذۃ الترزیق بدلیل قولہ تعالی یرزقون فرحین بما اتاہم اللہ وانہا نزلت حین طعن الکفار علی الصحابۃ رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین بانہم ماتوا ولم ینالوا لذۃ الدنیا فقال لہم اللہ انہم احیاء ولیسوا بمیتین وان الآیۃ رد علی المعتزلۃ حیث زعموا ان المیت جماد لاحیوۃ لہ فتعذیبہ محال وانما سماہم احیاء باعتبار المآل اعنی یوم القیامۃ ونحن نقول ان تخصیصہ بالشہداء ینافی ذلک لان الحیوۃ باعتبار المآل یعم الکل وحاصل الکلام فی ہذا المقام ان الآیۃ ان اجریت علی ظاہرہا فی حق الشہداء خاصۃ کانت دلیلا واضحا علی کونہم احیاء ذائقین لذۃ النعیم واما غیرہم من المسلمین والکافرین فعلم تنعیمہم وتعذیبہم وحیوتہم من نصوص اخر وان اعتبر العموم فی الآیۃ وجعل تخصیص الشہداء لشرفہم کان الآیۃ دلیلا علی تنعیم کل مومن صالح وحیوتہ ولا اخفاء علی ذی عقل فضل حیوۃ الشہداء علی حیوۃ سائر المسلمین انتہی مختصرا **تفسیر خازن** میں ہے بل احیاء وانما احیاہم اللہ عزوجل فی الوقت لایصال الثواب الیہم وعن الحسن ان الشہداء احیاء عند اللہ تعالی تعرض ارزاقہم علی ارواحہم ویصل الیہم الروح والریحان والفرح کما تعرض النار علی ارواح آل فرعون غدوۃ وعشیۃ فیصل الیہم الالم والوجع ففیہ دلیل علی ان المطیعین ہذا یصل الیہم ثوابہم وہم فی قبورہم فی البرزخ وکذا العصاۃ یعذبون فی قبورہم انتہی پس اگر مردونکو ادراک اور شعور نہیں ہے تو اہل طاعت کا اپنی قبروں میں عالم برزخ میں ثواب اور نعمات الٰہیہ سے کیف ولذت اور خوشی وفرحت پانا کیا معنی اور اہل معصیت کا عذاب قبر سے رنج وتکلیف اوٹھانا کیونکر متصور حالانکہ یہ نصوص قطعیہ سے ثابت اور مبرہن ہے اس سے زیادہ اور تصریح سے **تفسیر عزیزی** میں مرقوم ہے

و لا

تقتلوا ونگوئید لمن یقتل فی سبیل اللہ در حق کسے کہ کشتہ شود در راہ خدا کہ ایشان اموات
یعنی مردہ اند زیرا کہ چون آدمی میرد وروح از بدن او جدا میشود پس موت بمعنی عدم حس وحرکت
وادراک وشعور جسد را رومی دہد وروح را اصلا تغیرے نمیشود چنانچہ حال قوی بود حالا ہم ہست و
شعورے وادراکے کہ داشت حالا ہم دارد بلکہ صاف تر وروشن تر زیرا کہ تدبیر بدن وتوجہ بامور
سفلانیہ اورا از صفائے ادراک مانع می شد چون از بدن جدا شد آن مانع مرتفع گشت پس
روح را مطلقًا خواہ روح شہید باشد یا روح عامۂ مومنین یا روح کافر وفاسق باینمعنی مردہ نتوان
گفت مردگی صفتِ بدن است کہ شعور وادراک وحرکات وتصرفات بسبب تعلق روح با وے
از وے ظاہر میشدند وحالا نمیشوند جسکی یعنی بلکہ ایشان احیاء یعنی زندگانند زیرا کہ دائما در
ترقی وتضاعف اجر وثواب اند امام مالکؒ در موطا وامام احمدؒ وترمذی ونسائی وابن ماجہ
بروایت کعب ابن مالکؓ آوردہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم فرمودند کہ ارواح شہیدان را
پروانگی میدہند کہ از ہر میوہ وہر درختِ بہشت شکم سیر خوردہ بیایند واز نہرہائے بہشت ہرچہ
خواہند از شراب وآب وشیر وشہد بنوشند واصل این حدیث متواتر است ودر صحیحین نیز موجود آری
ارواح شہیدان از تکلیفات دنیا در افتادہ اند اما تمتعات جسدانیہ بے تکلیفات دارند واصلا روئے
غم والم نمی بینند پس در حقیقت حیاتِ ایشان اتم از حیات دنیوی است ولٰکن لا تشعرون
لیکن شما شعور ندارید کہ ایشان در ترقی اعمال ودر تمتعات وتلذذات بدنی با شما شریک اند بلکہ از شما
زیادہ تر وافزون تر باین جہت کہ آن ابدان ایشان از نظر شما غائب اند ودر عالمے دیگر وراء عالم
شما رزق ایشان وسیر ودور ایشان مقرر است انتہی ملخصًا **دوسری آیت** ولا تحسبن الذین
قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربھم یرزقون فرحین بما آتاھم اللہ من فضلہ
ویستبشرون بالذین لم یلحقوا بھم من خلفھم الا خوف علیھم ولا ھم یحزنون
روح البیان میں ہے ظاہر الآیۃ یدل علی ان ھولاء المقتولین وان فارقت ارواحھم
من اجسادھم الا انھم احیاء فی الحال ولا بد ھھنا من تقدیم مقدمۃ لیتضح بھا المقام وھی ان الانسان

المخصوص ليس عبارة عن مجموع هذه البنية المخصوصة بل هو شئ مغائر لها وذلك لان اجزاء هذه البنية فی الذوبان والانحلال والتبدل والتغير بالسمن وضده والصغر وخلافه والانسان المخصوص شئ واحد باق من اول عمره الی آخره والباقی مغائر للمتبدل فثبت ان الانسان مغائر لهذا البدن المخصوص ثم يكون جسما ساريا فی هذه الجثه سريان النار فی الفحم والدهن فی السمسم وماء الورد فی الورد او يكون جوهرا قائما بنفسه ليس بجسم ولا حال فی الجسم وعلی كلا المذهبين ينفصل ذلك الشئ حيا عند موت البدن فيثاب ويعذب علی حسب اعماله والدلائل العقلية والنقلية الدالة علی بقاء النفوس بعد موت الاجساد كثيرة فلذا وجب المصير اليه قال الجنيد قدس سره من كانت حياته بنفسه يكون مماته بذهاب روحه ومن كانت حياته بربه فانه ينتقل من حياة الطبع الی حياة الاصل وهی الحياة الحقيقة واذا كان القتيل بسيف الشريعة حيا مرزوقا فكيف من قتل بسيف الصدق والحقيقة قال القاشانی المقتول فی سبيل الله صنفان مقتول بالجهاد الاصغر وبذل النفس طلبا لرضی الله ومقتول بالجهاد الاكبر وكسر النفس وقتلها بشفرة الحب وقمع الهوی وكلا الصنفين ليسوا باموات بل احياء عند ربهم بالحياة الحقيقة مجردين من دنس الطبائع مقربين فی حضرة القدس يرزقون فی الجنة المعنوية والصورية كما يرزق الاحياء انتهی مختصرا **تفسير خازن** ان ظاهر الآية يدل علی كون من قتل فی سبيل الله حيا فاما ان يكون المراد انهم سيصيرون احياء فی الآخرة او يكون المراد انهم احياء فی الحال وعلی تقدير انهم احياء فی الحال بل يكون المراد اثبات الحياة الروحانية واثبات الحياة الجسمانية فهذه ثلاثة اوجه والاول ليس بصواب لان الله تعالی اثبت لهم الحياة فی الحال بقوله بل احياء يعنی فی حال ما يقتلون يحيون وهو الاحتمال الثانی والثالث يدل عليه سياق الآية وهو قوله يرزقون فاخبر الله سبحانه وتعالی انهم يرزقون ياكلون ويتنعمون كالاحياء والشهيد لا يبلی فی قبره ولا تاكله الارض كغيره روی انه لما اراد معاوية ان يجری المار علی قبور الشهداء امر ان ينادی من كان له قتيل فليخرجه وليحوله من هذا الموضع قال جابر فخرجنا اليهم فاخرجناهم رطاب البدن فاصاب المسحاة اصبع رجل منهم فنبعت دما **وذكر البغوی عن عبيد الله بن عمير** قال مر رسول الله صلی الله عليه وآله وسلم حين انصرف من احد علی مصعب بن عمير وهو مقتول فوقف عليه ودعا عليه ثم قرا من المؤمنين

رجال صدقوا ما عاهدوا الله علیہ ثم قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اشہد ان
ہولاء شہداء عند اللہ یوم القیامۃ فاتوہم وزوروہم وسلموا علیہم فو الذی نفسی بیدہ لا یسلم
علیہم احد الی یوم القیامۃ الا ردوا علیہ انتہی ایسا ہی اور تفسیرون مین بھی ہے **تیسری**
آیت ومن یطع اللہ والرسول فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین
والشہداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا **شرح برزخ** مین ہے تزاور الارواح
وتلاقیہا الارواح حق والارواح قسمان منعمۃ ومعذبۃ فاما المعذبۃ فہی فی شغل عن التزاور والتلاقی
واما المنعمۃ المرسولۃ غیر المحبوسۃ فتتلاقی وتتزاور وتتذاکر ما کان منہا فی الدنیا وما یکون من اہل الدنیا
فتکون کل روح مع رفیقہا الذی ہو علی مثل عملہا وروح نبینا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی الرفیق الاعلی
قال اللہ تعالی ومن یطع اللہ والرسول فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین
والشہداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا وہذہ المعیۃ ثابتۃ فی الدنیا وفی دار البرزخ و
فی دار الجزاء فیکون من الاولیاء والشہداء الشفاعۃ فی البرزخ کما کان منہم فی الدنیا ویکون فی الآخرۃ
بلا خلاف انتہی **ترجمہ** ارواح کا آپس مین ملنا اور زیارت اور ملاقات کرنا حق ہے اور
ارواح کی دو قسمین ہین ایک تو وہ ہین جنپر اللہ تعالی کا انعام وفضل ہے کہ حق تعالی کی طرف سے
انکو رزق اور نعمتین نصیب ہین **دوسری** وہ ہین جنپر عذاب الٰہی ہوتا ہے سو جو روحین معذب ہین
وہ محبوس اور قید مین ہین وہ آپس مین ملاقات اور زیارت نہین کرسکتین اور جو منعمہ ہین وہ چھوڑ دی
گئی ہین جہان چاہتی ہین پھرتی ہین مقید و محبوس نہین ہین وہ باہم آپسمین ملاقات کرتی ہین ایک
دوسرے کی پاس آتے جاتے ہین اور آپسمین تذکرہ کرتے ہین دنیا کی زندگانی کے احوال کو اور
دنیا والون کے احوال کو اور ہر ایک روح اپنے اوس رفیق کے ہمراہ ہوتی ہے جو اسکے عمل
اور درجے کے موافق اور مناسب در مماثل ہے اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح
مبارک جو اعلی ہے سب ارواحون سے وہ رفیق اعلی مین ہے اور اسی مضمون کا بیان ہے اللہ تعالی کی
اس کلام مین ومن یطع الی آخرہ اور یہ معیت جو اس آیت مین مذکور ہے ثابت ہے دنیا اور عالم برزخ

ہین اور آخرت مین تینون جگہہ پر تو اولیاء اللہ اور شہید لوگ عالم برزخ مین سفارش کرتے ہین اور معاون و مددگار
ہوتے ہین اپنے متوسلین کے جوانسے استعانت اور شفاعت اور مدد چاہتا ہے اور انکو وسیلہ کر
اللہ تعالی سے فریاد کرتا ہے اور دعا مانگتا ہے تو انکی شفاعت مقبول ہوتی ہے جسطرح دنیا مین
جب وہ زندہ تھے تو اونکی مدد کرتے تھے اور سفارش فرماتے تھے اور اسیطرح آخرت مین بھی
وہ اپنے متوسلین کی شفاعت اور مدد کرینگے اسمین کسیکا خلاف نہین ہے بلکہ سب کا اسپر
اتفاق ہے **تنبیہ ضروری** پر شرح برزخ وہ کتاب ہے کتب احادیث مین سے جسکی نسبت
نواب صدیق حسن خان رئیس بھوپال اپنی کتاب **اتحاف النبلاء** مین لکھتے ہین **شرح برزخ**
از کتب حدیث است ولش باب بدء الموت است وجملہ ابواب او ہشتاد و یک باب است
ہمہ متعلق باحوال موتی و برزخ و در وے بعد ذکر حدیث شرح میکند آنرا بقولہ قال رضی اللہ عنہ
یہ تنبیہ مینے اسلئے یہان لکھدینی ضروری سمجھی کہ ع واللہ قد شہد العدو بفضلہ ٭ والفضل
ما شہدت بہ الاعداء ۔ اور اسلئے کہ آئندہ اور بھی مین شرح برزخ سے احادیث نقل کرنیوالا ہون

چوتھی آیت

ومن یخرج من بیتہ مہاجرا الی اللہ ورسولہ ثم یدرکہ الموت فقد وقع اجرہ
علی اللہ یہ آیت دلیل ہے ترقی کی عالم برزخ مین اگر مردون کو ادراک و شعور اور سماع وغیرہ
نہو تو ترقی کے کیا معنی چنانچہ اسی آیت کے تحت **تفسیر روح البیان** مین ہے الطالب
الصادق اذا سافر من ارض بشریتہ الی مقام القلب فمات قبل ان یصل الی مرادہ فلہ نصیب
من اجر البالغین الی ذلک المقام لصدق طلبہ وعدم انقطاعہ عن الطریق الی حد الموت
بل اللہ یکملہ فی عالم البرزخ بوساطۃ روح من ارواحہ او بواسطۃ فیضہ ومثل ہذا جار فی حق
بعض السلاک ولہ نظیر فی الشریعۃ کما روی عن الحسن البصری رحمہ اللہ انہ قال بلغنی ان المومن
اذا مات ولم یحفظ القرآن امر حفظتہ ان یعلموہ القرآن فی قبرہ حتی یبعثہ اللہ تعالی یوم القیامۃ مع
اہلہ فاذا کان طالب القرآن الرسمی بالغا الی مرادہ فی البرزخ لحرصہ علی التحصیل فلیس ببدع ان یکون
طالب القرآن الحقیقی واصلا الی مرامہ فی عالم المثال المقید لشغفہ علی التکمیل **وفی التاویلات النجمیۃ**

ومن یخرج من بیتہ اسے بیت بشریتہ بترک الدنیا وقمع الہوی وقہر النفس بجر انہ صفاتہا

مرتبہ بل اخلاقہا مہاجرا الی اللہ طالبالہ فی متابعۃ رسولہ ثم یدرکہ الموت قبل وصولہ

فقد وقع اجرہ علی اللہ یعنی فقدا وجب اللہ تعالی علی ذمۃ کرمہ بفضلہ ورحمتہ ان یبلغہ

الی اقصی مقاصدہ واعلی مراتبہ فی الوصول اور تفسیر حضرت شیخ محی الدین بن عربی

رضی اللہ عنہ میں ہے ثم یدرکہ الموت لانقطاع قبل الوصول فقد وقع اجرہ

علی اللہ فعسی ان یؤیدہ التوفیق بالوصول الیہ انتہی مختصرا پانچویں آیت

ولو انہم اذ ظلموا انفسہم جاؤک فاستغفروا اللہ واستغفر لہم الرسول

لوجدوا اللہ توابا رحیما اس آیت سے تمام علمائے محققین اہل سنت و جماعت نے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت مساوی ہونا حالت حیات وممات کا ثابت

کیا ہے شیخ مولانا عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جذب القلوب

میں امام تاج الدین سبکی سے ناقل ہیں کہ این آیت کریمہ دلالت دارد برحث وترغیب

حضور بدرگاہ رسالت پناہ وسوال مغفرت در آن جناب اجابت مآب وطلب استغفار

از وی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واین رتبہ عظیمہ است کہ ابداً انقطاع پذیر نیست از جہت استوای

حالت موت وحیات نسبت بسرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وثبوت استغفار آنحضرت

مرامت را بعد از موت وجمیع علماء از این آیت مجید استوای حالت موت وحیات فہم

نمودہ تا در آداب زیارت حکم کردہ اند کہ این را بخواندہ استغفار کند وحکایت اعرابی کہ

بعد از رحلت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بزیارت آمد واین آیت را خواند مشہور است

وجمیع ارباب مذاہب اربعہ کہ تصنیف مناسک جمع کردہ اند این حکایت را آوردہ وبسیاری

از ائمہ اعلام باسانید کہ دارند روایت آن کردہ انتہی بقدر الحاجۃ چھٹی آیت

والنازعات غرقا والناشطات نشطا والسابحات سبحا فالسابقات سبقا

فالمدبرات امرا تفسیر روح البیان میں ہو ثم ان النفوس الشریفۃ یظہر منہا

پانچویں آیت

چھٹی آیت

آثار فی ہذا العالم سواء کانت مفارقۃ عن الابدان او لا فتکون مدبرات انتہی **ترجمہ** ارواح مقدسہ
اور نفوس شریفہ سے اس عالم میں آثار اور تصرفات ظاہر ہوتے ہیں جیتے جی اور بعد مرنے کے بھی
اور وہ عالم کے امور کی تدبیر میں کرنے والے ہوتے ہیں **تفسیر بیضاوی** میں ہے او صفات
النفوس الفاضلۃ حال المفارقۃ فانہا تنزع عن الابدان غرقا ای نزعا شدیدا فتنشط الی
عالم الملکوت وتسبح فیہ فتسبق الی حظائر القدس فتصیر بشرفہا وقوتہا من المدبرات یعنی حق تعالی نے
اس آیت کریمہ میں قسم فرمائی ہے ارواح طیبہ ونفوس کاملہ بشریہ کی اور یہ مذکورات اونکے
صفات ہیں جسکا **حاصل مطلب** یہ ہے کہ قسم ہے ارواح مفارقہ کی جو نکلتی ہیں ابدان سے
بشدت وقوت اور پہیلتی ہیں عالم ملکوت میں اور سیر کرتی ہیں اوس عالم میں پہر پہونچ جاتی ہیں
حظائر قدس تک پہر اپنے شرف اور قوت سے جو عطاے الٰہی ہے تدبیر کرتی ہیں عالم کی
باذن الٰہی جب ارواح انبیا و اولیا عالم کی مدبر ٹہیریں تو پہر اونکے ادراکات اور سمع وبصر میں
کیا شبہہ اور تردد رہا البتہ جو اونکے مدبر ومتصرف ہونیکا منکر ہوگا وہ منکر ہے حق تعالی کے
کمال قدرت کا اور عدم تکریم آدم وبنی آدم کا جو نصوص قطعیہ سے ثابت ہے اور تمام
اہل سنت کا اجماع ہے اس امر پر کہ خواص بشر خواص ملائکہ سے افضل ہیں اور اشرف
تفسیر کبیر امام رازی میں یہ مضمون زیادہ تفصیل کے ساتھہ محرر ہے ثم ان الارواح
البشریۃ الخالیۃ عن العلائق الجسمانیۃ المشتاقۃ الی الاتصال بالعالم العلوی بعد خروجہا
من ظلمۃ الاجساد تذہب الی عالم الملائکۃ ومنازل القدس علی اسرع الوجوہ فی روح وریحان
فعبر عن ذہابہا علی ہذہ الحالۃ بالسباحۃ ثم لاشک ان مراتب الارواح فی النفرۃ عن الدنیا
ومحبۃ الاتصال بالعالم العلوی مختلفۃ فکلما کانت اتم فی ہذہ الاحوال کان سیرہا الی ہناک
اسبق وکلما کانت اضعف کان سیرہا الی ہناک اثقل ولا شک ان الارواح السابقۃ الی
ہذہ الاحوال اشرف فلاجرم وقع القسم بہا ثم ان ہذہ الارواح الشریفۃ العالیۃ لا یبعد ان یکون
فیہا ما یکون لقوتہا وشرفہا یظہر منہا آثار فی احوال ہذا العالم فہی المدبرات امرا الیس ان الانسان

قدیری استاذہ فی المنام ویسألہ عن مشکلہ فیرشدہ الیہا الیس ان الابن قد یری اباہ فی المنام
فیھدیہ الی کنز مدفون الیس ان جالینوس قال کنت مریضا فعجزت عن علاج نفسی فرایت فی المنام
واحدا ارشدنی الی کیفیۃ العلاج الیس ان الغزالی قال ان الارواح الشریفۃ اذا فارقت
ابدانہا ثم اتفق انسان مشابہ للانسان الاول فی الروح والبدن فانہ لا یبعد ان یحصل للنفس المفارقۃ
تعلق بھذا البدن حتی تصیر کالمعاونۃ للنفس المتعلقۃ بذلک البدن علی اعمال الخیر فتسمی تلک المعاونۃ
الھاما ونظیرہ فی جانب النفوس الشریرۃ وسوسۃ **حاصل مطلب** اس عبارت کا
یہ ہے کہ جب اللہ تعالے کے مقبول بزرگان دین کی ارواح طیبہ اجسام سے علیحدہ ہوجاتی
ہیں تو عالم ملائکہ کی طرف دوڑتی ہیں جسکو سیاحت کہتے ہیں پھر اسمین شک نہین کہ ان ارواح
کے مراتب آپسمین مختلف اور متفاوت ہوتے ہین بعض ارواح کو دنیاوی امور سے کمال
نفرت ہوتی ہے اور عالم علوی سے ملنے کا شوق نہایت درجہ کا ہوتا ہے اور بعض ارواح
مین یہ دونون امور کم ہوتے ہین بعض مین متوسط مثلاً تو جس روح مین یہہ دونون باتین کامل
درجے کی ہوتی ہین اونکی سیر منازل قدس مین سب سے بڑہی ہوتی ہے جنکی حالت
کم ہوتی ہین اونکی سیر بہی کم ہوتی ہے جنکی حالت متوسط ہے وہ سیر مین بہی متوسط ہوتی ہین
جنکی سیر سب سے بڑہی ہوتی ہے وہ سب سے اشرف اور افضل ہین اسیلئے ایسی ارواح
کی قسم کہائی گئی ان ارواح شریفہ کو بسبب اپنی قوت خدا داد و شرافت زیادگی عالم دنیا کی
احوال مین ایک قسم خاص کا تعلق ہوتا ہے اسیوجہ سے وہ مدبرات ہین امور عالم کے
اور یہ امر بدیہیات وجدانیات وقطعیات سے ہی جس مین کوئی شبہہ اور تردد نہین اور
اسپر دلائل اور نظائر کثیر ہین **منجملہ اونکے** شاگرد کبہی اپنے اوستاد کو خواب مین دیکھتا
ہے اور مشکل سوالات پیش کرتا ہے اور اوستاد سے جواب شافی پاتا ہی **بیٹا** کبہی
اپنے باپ کو خواب مین دیکھتا ہے اور اپنی احتیاج ظاہر کرتا ہے باپ اوسی خزانہ بتا دیتا
ہے جب بیٹا حسب نشاندہی کے زمین کہودتا ہے تو خزانہ پاتا ہے **جالینوس** نے کہا کہ

مین بیمار تھا اور اپنے علاج سے عاجز تھا خواب مین کیا دیکھتا ہون کہ ایک شخص نے مجھے
علاج کی کیفیت اور تدبیر بتائی جس سے مجھے صحت ہوئی **امام غزالی** رحمۃ اللہ علیہ
فرماتے ہین کہ ارواح طیبہ جب بدان سے جدا ہوتی ہین اور اپنے مماثل کوئی ایسی روح
باقی ہین جسکا تعلق ایسے بدن سے ہوتا ہے جو مماثل ہے اوسی بدن کے جسکے ساتھ اس مبارک
روح کو تعلق تہا تو اوس مبارک روح کو اس بدن سے خاص تعلق پیدا ہوتا ہے جسکی وجہ سے
یہ روح مبارک اوس بدن کی روح کو اعمال خیر مین مدد دیتی ہے علیٰ ہذا القیاس ارواحِ خبیثہ
جب اپنے اجسام سے علیحدہ ہوتے ہین تو اونکا تعلق ایسے ارواح سے ہوتا ہے جو پلیدی مین
اوسکے مشابہ ہین اور اونکو تعلق ایسے بدن سے ہے جو مشابہ اوس بدن کے ہین جس مین
وہ خبیث روح ہے تو یہ خبیث روح اعمال خبیثہ مین اس روح کو خوب مدد دے سکتی ہے

ساتوین آیت فلا اقسم بالشفق واللیل وما وسق والقمر اذا اتسق
لترکبن طبقا عن طبق **مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب** رحمۃ اللہ علیہ
اس آیت کی تفسیر مین لکھتے ہین این ہر سہ چیز یعنی شفق و شب تاریک و ماہ روشن نمونہ سہ
حالت است کہ بر آدمی بعد موت کہ گویا نمونہ غروب آفتاب زندگی است روخواہد
داد **اول** حالتے کہ بمجرد جدا شدن روح از بدن خواہد شد کہ فی الجملہ اثر حیاتِ سابقہ
والفت تعلقِ بدن و دیگر معروفان از ابنائے جنس خود باقی است و آنوقت گویا برزخ است
درمیانِ زندگانی دنیا و استغراق عالم قبر کہ چیزے ازین طرف و چیزے از آنطرف
دارد و بعینہ مثال وقت بقائے شفق است ہنوز تصرفات مخلوقات و آمد شد آنہا منقطع
نگردیدہ و جانداران ہمہ بیدار و حساس و متحرک و در بقایائے اعمال روز مشغول و این حالت
انکشاف و جزائے برخے از نیکیہا و بدیہا است و مددِ زندگان بمردگان دریںحالت زود تر
میرسد و مردگان منتظر لحوق مدد ازین طرف می باشند و چنان گمان می برند کہ ہنوز زندہ ایم
ولہذا در حدیث شریف در احوال قبر واردا است کہ مرد مسلمان در آنجا می گوید کہ دعونی اصلی

یعنی بگذارید مرا تا نماز بجوا آرم و نیز وارد است کہ مردہ در آنحالت مانند غریقے است کہ منتظر فریادرسی مے برد و صدقات و ادعیہ و فاتحہ درین وقت بسیار بکار او می آید و ازینجا است کہ طوائف بنی آدم تا یکسال و علی الخصوص تا یک چلہ بعد موت درین نوع امداد کوشش تمام می نمایند و روح مردہ نیز در قرب موت در خواب و عالم تمثل ملاقات زندگان میکند و مافی الضمیر خود را اظہار می نمایند **دوم حالتے است** کہ بعد از انقطاع تعلق زندگانی بالکلیہ رو می دہد و استغراق عظیم در مشاہدہ کیفیات مکسوبہ خود از نیکی و بدی او را حاصل میگردد و قوامی مدرکہ متصرفہ او ازین عالم گسستہ شدہ بہ آنطرف متوجہ میگردند حس و حرکت معنوی او ازین جہان مطلقاً بیکار میشود و این حالت مثال تاریکی شب است کہ بعد از زوال شفق ہجوم میکند و مردم را خواب و تعطل حواس و حرکات لاحق میگردد و از مالوفات و مکسوبات مطلقاً غافل میشود آرے آن مالوفات و مکسوبات بنا بر انتقال کردہ بباطن جمع میشود و روح آنہا را در صور تہائے نگارنگ مطالعہ می نماید و متلذذ و متالم میگردد و این حالت عوام مردگان است **و بعضے خواص اولیاء اللہ** را کہ آلہ جارحہ تکمیل و ارشاد بنی نوع خود گردانیدہ اند درین حالت ہم تصرف در دنیا دادہ و استغراق آنہا بجہت کمال وسعت مدارک آنہا مانع توجہ باین سمت نمیگردد و اویسیان تحصیل کمالات باطنی از آنہا می نمایند و ارباب حاجات و مطالب حل مشکلات خود از آنہا می طلبند و می یابند و زبان حال آنہا در آنوقت ہم مترنم باین مقالات است **مصرعہ** من آیم بجان گر تو آئی بہ تن **سوم حالتیکہ** بعد از حشر و نشر ظہور خواہد کرد مانند ماہتاب ایام بیض کہ حجاب تاریکی دور کردہ نیک و بد آنہا را بانواع اظہار جلوہ گر خواہد نمود الخ **اقول** اس بیانسے مولانا رضی اللہ عنہ کے چند امور واضح ہوئے **اوّل** بعد مرنے کے اثر حیات دنیوی کا باقی رہنا **دوسرے** متعلقات بدنی سے الفت کی بقا **تیسرے** مردونمیں ادراک و شعور کامل کا ثبوت حتی کہ اپنے خویش و اقارب یار دوست جان پہچان والونکو

پہچاننا اور اونسے الفت اور انس رکھنا **چوتھے** نیک عمل کی جزا اور بد اعمال کی سزا کا انکشاف اور ادراک یعنی معلوم کرنا اور پہچاننا **پانچوین** زندے جو فاتحہ خیرات و دعا وغیرہ سے اونکی مدد کرتے ہین اونکو جاننا **چھٹے** اس مدد کا جو زندونکے طرف سے اونکو ہوگی اس کا انتظار جیسے زندہ آدمی امر متوقع کا منتظر رہتا ہے **ساتوین** مردون کا یہ گمان کہ ہم زندہ ہین یعنی مؤمن مسلمان مرنے کے بعد بھی اپنے آپ کو زندہ ہی گمان کرتا ہے اور زندگی کے آثار اوس سے ظاہر ہوتے ہین حتی کہ جب اوسی فرشتے اوٹھاتے ہین تو وہ سورج کو قریب غروب دیکھتا ہے اور بیٹھتا ہے آنکھین ملتا ہوا فرشتے سوال کرنیوالون سے کہتا ہے کہ مجھے چھوڑ دو مین نماز پڑھ لون گویا سو کر اوٹھا ہے چنانچہ احادیث صحیحہ مین ایسا ہی وارد ہے مشکوۃ مین

ہے عن جابر رضی اللہ عنہ عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال اذا ادخل المیت القبر مثلت لہ الشمس عند غروبها فیجلس یمسح عینیہ ویقول دعونی اصلی رواہ ابن ماجہ

آٹھوین یہ بھی حدیثون سے ثابت ہے کہ مردے زندونکی فریادرسی کے ایسے منتظر رہتے ہین جیسے ڈوبتا ہوا آدمی کہ اوسکی نظر فریادرس کی طرف ہوتی ہے **نوین** مردون کا زندون کی خیرات اور دعا اور فاتحہ وغیرہ سے محظوظ و منتفع ہونا اگر ادراک و شعور نہین تو حظ و انتفاع چہ معنی **دسوین** تیجا دسوان سہ ماہی ششماہی برسی ساتت جمعراتین و عرس وغیرہ جو مروج دیار اسلام اور مرسوم و معمول و دستور خواص و عوام ہے اسکی اصل و دلیل وہی احادیث شریفہ ہین جنسے مردونکا انتظار مدد اور فریادرس کی طرف نظر اور اونکا انتفاع اوس مدد سے ثابت اور محقق ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہ رسوم مروجہ موافق احادیث کے ہین تو اوسکے جواز و استحباب مین کلام نہین بزعم الفہ منکرین جو اس رسم فاتحہ کو بدعت سیئہ گمان کئے ہوئے ہین یہ اونکی سمجھ کا قصور یا نادانستگی کا فتور ہے **گیارہوین** مُردونکا زندون سے ملاقات کرنا خواب مین اور عالم مثال مین

بارھوین مردون سے اپنے مافی الضمیر یعنے دل کی باتونکا اظہار زندہ بزرگ اگر سمع وادراک وشعور رہو تو ملاقات کا نفع کیا اچھی بات کا کہنا اور دوسرے کی بات کو سننا اور دل کے بھید پر اطلاع دینا اور کسی بات پر خوشی کسی پر ناخوشی کا اظہار یہ سب ادراک وشعور وسماع کے ہین آثار تیرھوین اپنے مالوفات ومکسوبات حسنہ سے متلذذ ہونا کیف وسرور کا پانا اور برے کرتوت سے متالم یعنے رنجیدہ وغمگین ہونا یہ جملہ احوال عام مردون کے ہین خواص انسے ممتاز ہین بوجوہ آوسے بہی سن لیجئے چودھوین خواص اولیاء اللہ جنکو اللہ تعالی نے بنی آدم کی تکمیل اور ارشاد کیواسطے واسطہ بنایا ہے اونکو اپنی قدرت اپنا تصرف اس عالم مین بعد مرنے کے بہی عطا فرمایا ہے وہ بعد انتقال بہی دنیا مین متصرف ہوتے ہین اور اہل دنیا پر حاکم ہین جسطرح زندگی مین متصرف اور حاکم تہے پندرھوین اللہ تعالی نے اونکو ادراک اور حواس مین وہ کمال اور وسعت بخشا ہے کہ اونکا استغراق بوجہ اس کمال اور وسعت کے اسطرف متوجہ ہونے سے مانع نہین ہوتا سولھوین اویسی لوگ (جو مشایخ طریقت سے ایک گروہ ہین) کمالات باطنی کی تحصیل اور تکمیل اونہین اولیاء اللہ کے فیض سے کرتے ہین جو اللہ تعالی کے خواص مقبولین سے ہین بظاہر اونکے پیر طریقت نہین ہوتے بلکہ اونہین اولیاؤن سے جو اس عالم سے رحلت فرما گئے ہین مستفیض ہوتے ہین اور مرتبہ کمال اور قرب کو پہونچتے ہین سترھوین وہ بزرگان دین جنکو یہ مراتب عالیہ ہین اونکی ارواح مقدسہ سے جو کوئی شخص قریب یا دور سے فیض کا خواہان ہوتا ہے اوسکو برابر فیض پہونچتا ہے اور جو حاجتمند اور مستغیث اونسے اپنی حاجت اور مطالب چاہتا ہے یا اونکے وسیلہ سے حق تعالی سے دعا کرتا ہے یا مشکل کے وقت اونکو پکارتا ہے تو وہ اولیاء اللہ تعالی کے اوسکی حاجتین پوری کرتے ہین اوسکی مطلب برآری فرماتی ہین اوسکی فریاد کو پہونچتے اوسکی مشکل کو حل کرتے ہین غرض مقاصد دارین مخلوق کا اونکے ذریعہ سے

خواص اہل اللہ ... صاحب احوال

حق تعالی عطا فرماتا ہے اونکو اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ خالق اور مخلوق مین وہ واسطہ
اور وسیلہ ہون **اٹھارہوین** اگر کوئی شخص محبت سے اونکے مزار شریف اور زیارت کا
قصد کرتا ہے تو وہ اپنے کرم اور اکرام ایزدی سے اوسکا اکرام فرماتے ہین اگر طالب
وشائق تن سے اونکی بارگاہ عالم پناہ مین حاضر ہوتا ہے وہ اپنی روح پر فتوح اور جان فیض
توامان سے ملاقات فرماتے ہین اور عطاے دوجہانی سے مالامال کردیتے ہین اور زبان
مجال اونکی بوجہ مساوات حالت حیات وبعد الممات کر اس مضمون کے نغمہ خوان ہوتے ہین
شعر دل وجان سے ملونگا مین اگر تو تن سے آویگا ✦ نہو گا جو تصور مین ترے اس
نور سے پاویگا ✦ **آٹھوین آیت** ولو تری اذ یتوفی الذین کفروا الملائکۃ یضربون وجوہھم
وادبارہم وذوقوا عذاب الحریق **نوین آیت** ولو تری اذ الظالمون فی غمرات
الموت والملائکۃ باسطوا ایدیہم اخرجوا انفسکم الیوم تجزون عذاب الھون الخ
دسوین آیت سنعذبہم مرتین ثم یردون الی عذاب عظیم الخ **گیارہوین
آیت** وحاق بآل فرعون سوء العذاب النار یعرضون علیہا غدوا وعشیا
ویوم تقوم الساعۃ ادخلوا آل فرعون اشد العذاب **بارہوین آیت**
مما خطیئاتہم اغرقوا فادخلوا نارا فلم یجدوا لہم من دون اللہ انصارا
یہہ چند آیتین سپتے کے واسطے مینے لکھدین انکے سوا اور بہی بہت سی آیات شریفہ مین
جو مردون کے حواس اور ادراک کر اور براہین قاطعہ اور دلائل ساطعہ ہین اسیطرح چند
آیات کی تفسیر بعضے کتب تفسیر کے حوالے سے نہایت اختصار کے ساتھ بطور مشتی نمونہ خروارے
مینے لکھین اگر خوف ملال ناظرین نہوتا یا فرصت ومہلت ہوتی تو ہر آیت کے متعلق بہت کچھ
لکھتا آخیر آیتون سے بہی صرف ایک آیت کی تفسیر پیش کرتا ہون باقی کو اوسپر قیاس کرلینا
چاہئے تاکہ واضح ہوجاوے کہ جسطرح شہدا اور اولیاء اللہ رضوان اللہ علیہم اجمعین
اور عامۂ مومنین صالحین وطالحین ومتوسطین کو بعد مرنے کے ادراک وسماع ودیگر حواس

آٹھوین آیت
نوین آیت
دسوین آیت
گیارہوین آیت
بارہوین آیت

وشعور اس عالم کا اور عالم برزخ کا باقی اور دائم بدستور رہتا ہے اور خویش و اقارب کو پہچانتے ہین اور اونسے اُنس و محبت اور تعلق و الفت رکہتے ہین اور اونسے ہمکلام ہوتی ہین اور اللہ تعالیٰ کے فضل و نعمت سے جو اونپر عالم برزخ مین موافق اون کے اعمال صالحہ کے ہوتا ہے اور اس عالم کے احوال و اعمال نیک پر مطلع ہونے سو متمتع اور محظوظ اور شادان و فرحان اور مسرور ہوتے ہین اسیطرح یہ ادراکات کفار کی ارواح کو بہی حاصل ہین اور عذابِ الٰہی سے متالم اور مخذول ضرور ہوتے ہین **روح البیان** مین ہے وحاق نزل واصاب بآل فرعون اے بفرعون وقومه وعدم التصریح به للاستغناء بذکرهم عن ذکره ضرورة انه اولی منهم بذلک من حیث کونه متبوعًا لهم ورئیسا ضالًا مضلًّا سوء العذاب اے الغرق وهذا فی الدنیا ثم بین تعالی عذابهم فی البرزخ بقوله النار یعرضون اے فرعون وآله علیها اے علی النار ومعنی عرضهم علی النار احراق ارواحهم وتعذیبهم بها من قولهم عرض الاساری علی السیف اذ قتلوا به قال فی القاموس عرض القوم علی السیف قتلهم وعلی السوط ضربهم غدوًا وعشیًّا اے فی اول النهار وآخره **وفی الحدیث** ان احدکم اذا مات عرض علیه مقعده بالغداة والعشی ان کان من اهل الجنة فمن الجنة وان کان من اهل النار فمن النار یقال هذا مقعدک حتی یبعثک الله یوم القیامة یعنی این است جائے تو تا که برانگیزد ترا خدای تعالیٰ بسوے وے در روز قیامت **قال فی عین المعانی** قال رجل للاوزاعی رایت طیرًا لا یعلم عددها الا الله تخرج من البحر بیضاء ثم ترجع عشیًّا سوداء فما هی قال ارواح آل فرعون تعرض وتعود والسواد من الاحراق هذا ما دامت الدنیا ویوم تقوم الساعة وتعود الارواح الی الابدان یقال للملائکة ادخلوا آل فرعون اشد العذاب اے عذاب جهنم فانه اشد مما کانوا فیه فانه للروح والجسد جمیعًا وهو اشد مما کان للروح فقط کما فی البرزخ والاکل الذی یراه المیت بعد موته فی البرزخ هو کالاکل الذی یراه النائم

فی النوم فکما انہ تتفاوت درجات الرؤیا حتی ان منہم من یستیقظ ویجد اثرا شیٔ دالرئی فکذا
تختلف احوال الموتی فالشہداء احیاء عند ربہم کحیاۃ الدنیا ونعیمہم قریب من نعیم الحس ویجوز
ان یکون المعنی ادخلوا آل فرعون اشد عذاب جہنم فان عذابہا الوان بعضہا اشد من بعض
وفی الحدیث اہون اہل النار عذابا رجل فی رجلیہ نعلان من نار یغلی منہما دماغہ ثم فی الآیۃ
دلیل علی بقاء النفس (ای الروح ۱۲) وعذاب القبر لان المراد بالعرض التعذیب فی الجملۃ ولیس المراد انہم
یعرضون علیہا یوم القیامۃ لقولہ بعدہ ویوم تقوم الساعۃ الخ واذا ثبت فی حق آل
فرعون ثبت فی حق غیرہم اذ لا قائل بالفصل وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
لا یصلی صلوۃ الا و تعوذ بعدہا من عذاب القبر وروی عن سالم بن عبد اللہ
انہ قال سمعت ابی یقول اقبلت من مکۃ علی ناقۃ لی وخلفی شیٔ من الماء حتی اذا مررت
بہذہ المقبرۃ مشیرا الی مقبرۃ مخصوصۃ بین مکۃ والمدینۃ خرج رجل من حفرۃ یشتعل من قرنہ
الی قدمہ نارا واذا فی عنقہ سلسلۃ یشتعل نارا فوجہت الدابۃ نحوہ انظر الی العجب فجعل یقول
یا عبد اللہ صب علی من الماء فخرج رجل من القبر اخذ بطرف السلسلۃ فقال لا تصب علیہ
الماء ولا کرامۃ فمد یدہ حتی انتہی بہ الی القبر واذا معہ سوط یشتعل نارا فضربہ حتی دخل القبر
قال العلماء عذاب القبر ہو عذاب البرزخ اضیف الی القبر لانہ الغالب
والا فکل میت اراد اللہ تعذیبہ نالہ ما ارادہ بہ قبر او لم یقبر بان صلب او غرق فی البحر او احرق
صار رمادا او ذری فی الجو قال امام الحرمین من تفرقت اجزاؤہ یخلق اللہ الحیاۃ
فی بعضہا او کلہا ویوجہ السوال علیہا ویحل العذاب والنعیم ای فی القبر ہو الروح والبدن
جمیعا باتفاق اہل السنۃ قال الیافعی وتختص الارواح دون الاجساد بالنعیم
والعذاب ما دامت فی علیین او سجین وفی القبر یشترک الروح والجسد وفی الاخبار
الصحاح ان بعض الموتی لا ینالہم فتنۃ القبر کالانبیاء والاولیاء والشہداء قال الحکیم
الترمذی اذا کان الشہید لا یفتن فالصدیق اولی بان لا یفتن وہو المتخلع عن صفات النفس

شہید اور صدیق کی تعریف میں حقیقی اعتبار سے نہیں صفات ما بعد ہے ۱۲

والشہید ہو اہل الحضور والصحیح ہو اہل الاستقامۃ فی الدین انتہی مختصرا بقدر الحاجۃ وفی ہذا القدر کفایۃ لمن لہ ادنی درایۃ۔

احادیث و آثار

ضمن تفسیر آیات میں آٹھ حدیثیں گذر چکیں **نویں حدیث** عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان العبد اذا وضع فی قبرہ وتولی عنہ اصحابہ انہ لیسمع قرع نعالہم اتاہ ملکان فیقعدانہ فیقولان ماکنت تقول فی ھذا الرجل لمحمد (صلی اللہ علیہ وسلم) فاما المومن فیقول اشہد انہ عبد اللہ ورسولہ فیقال لہ انظر مقعدک من النار قد ابدلک اللہ بہ مقعدا من الجنۃ فیراہما جمیعا واما المنافق والکافر فیقال لہ ماکنت تقول فی ھذا الرجل فیقول لا ادری کنت اقول مایقول الناس فیقال لہ لا دریت ولا تلیت ویضرب بمطارق من حدید ضربۃ فیصیح صیحۃ یسمعہا من یلیہ غیر الثقلین متفق علیہ ولفظ للبخاری **دسویں حدیث** عن عایشۃ رضی اللہ عنہا ان یہودیۃ دخلت علیہا فذکرت عذاب القبر فقالت لہا اعاذک اللہ من عذاب القبر فسألت عائشۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن عذاب القبر فقال نعم عذاب القبر حق قالت عائشۃ فما رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد صلی صلوۃ الا تعوذ باللہ من عذاب القبر متفق علیہ **گیارہویں حدیث** عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قبر المیت اتاہ ملکان اسودان ازرقان یقال لاحدہما المنکر وللآخر النکیر فیقولان ماکنت تقول فی ھذا الرجل فیقول ہو عبد اللہ ورسولہ اشہد ان لا الہ الا اللہ وان محمدا عبدہ ورسولہ فیقولان قد کنا نعلم انک تقول ہذا ثم یفسح لہ

قبرہ سبعون ذراعا فی سبعین ثم ینور لہ فیہ ثم یقال نم فیقول ارجع الی اہلی
فاخبرھم فیقولان نم کنومۃ العروس الذی لا یوقظہ الا احب اھلہ الیہ
حتی یبعثہ اللہ من مضجعہ ذلک وان کان منافقا قال سمعت الناس یقولون
قولا فقلت مثلہ لا ادری فیقولان قد کنا نعلم انک تقول ذلک فیقال
للارض التئمی علیہ فتلتئم علیہ فتختلف اضلاعہ فلا یزال فیہا معذبا حتی
یبعثہ اللہ من مضجعہ ذلک رواہ الترمذی **بارہویں حدیث**[۱۲] عن البراء

بارہویں حدیث ۱۲

بن عازب عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یاتیہ ملکان فیجلسانہ فیقولان لہ من ربک
فیقول ربی اللہ فیقولان لہ ما دینک فیقول دینی الاسلام فیقولان ما ہذا الرجل الذی بعث فیکم
فیقول ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیقولان لہ وما یدریک فیقول قرأت کتاب اللہ
فآمنت وصدقت فذلک قولہ یثبت اللہ الذین آمنوا بالقول الثابت الآیۃ
قال فینادی منادٍ من السماء ان صدق عبدی فافرشوہ من الجنۃ والبسوہ من الجنۃ وافتحوا لہ
بابا الی الجنۃ فیفتح قال فیاتیہ من روحہا وطیبہا ویفسح لہ فیہا مد بصرہ واما الکافر فذکر موتہ قال ویعاد
روحہ فی جسدہ ویاتیہ ملکان فیجلسانہ فیقولان من ربک فیقول ہاہ ہاہ لا ادری فینادی منادٍ
من السماء ان کذب فافرشوہ من النار والبسوہ من النار وافتحوا لہ بابا الی النار قال فیاتیہ
من حرہا وسمومہا ویضیق علیہ قبرہ حتی تختلف فیہ اضلاعہ ثم یقیض لہ اعمی اصم معہ مرزبۃ من
حدید لو ضربت بہا جبل لصار ترابا فیضربہ بہا ضربۃ یسمعہا ما بین المشرق والمغرب الا الثقلین
فیصیر ترابا ثم یعاد فیہ الروح رواہ احمد وابو داؤد **تیرہویں حدیث**[۱۳] عن ابی سعید

تیرہویں حدیث ۱۳

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیسلط علی الکافر فی قبرہ تسعۃ وتسعین[۹۹] تنینا تنہشہ وتلدغہ
حتی یقوم الساعۃ لو ان تنینا منہا نفخ بالارض ما انبتت خضرا رواہ الدارمی وروی الترمذی
نحوہ وقال سبعون بدل تسعۃ وتسعون ہذا کلہ من المشکوۃ **چودہویں حدیث**[۱۴]

چودہویں حدیث ۱۴

مواہب لدنیہ امام قسطلانی اور تاریخ خلاصۃ الوفا میں ہے

عن علی کرم اللہ وجہہ قال قدم علینا اعرابی بعد ما دفنا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم بثلثۃ ایام فرمی نفسہ علی قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
وحثی من ترابہ علی راسہ وقال یا رسول اللہ قلت فسمعنا قولک و
وعیت عن اللہ تعالی ما وعینا عنک وکان فیما انزل اللہ علیک
ولو انہم اذ ظلموا انفسہم جاؤک فاستغفروا اللہ واستغفر لہم
الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما وقد ظلمت نفسی وجئتک تستغفر لی فنودی من القبر انہ
قد غفر لک **پندرہوین حدیث عن ابی ہریرۃ** قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم من صلی علی عند قبری سمعتہ ومن صلی علی نائیا بلغتہ
کذا فی الشفا للقاضی عیاض رضی اللہ عنہ **ترجمہ شفاء قاضی عیاض** رضی اللہ عنہ مین ہے بروایت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ
کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص درود شریف پڑہیگا مجہپر میری قبر کے
پاس اگر تو مین خود اوسکو سنونگا اور جو شخص مجہپر درود پڑہیگا دور سے تو اوسے پہونچایا جاونگا
مین بواسطہ فرشتون کے وہ میرے پاس پہونچیگی اس سے صاف معلوم ہوا کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے سماع ثابت ہی بہ نسبت درود خوان کے بلا واسطہ
اور جب درود شریف کی نسبت ثابت ہوا تو جمیع عرض معروض کی نسبت بہی ثابت ہوگا
چنانچہ اس سے قبل کی حدیث قصہ اعرابی مین اسپر شاہد عدل ہے اور جب حضور کی
نسبت یہ کمال ثابت ہوا کہ قریب والونکی باتین سب سنتے ہین تو اولیاء کے واسطے
بہی یہ کمال بہ تبعیت حضور بالضرور ثابت ہوگا بنا بر قضیہ متفق علیہا عند الاولیاء کل مقام
کان لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجوز ان یکون لخواص امتہ مالم یرد نقل بخلافہ کما فی المیزان
کبری للشعرانی اور یہ کہنا میرا بہی تنزلا ہے ورنہ جب سماع موتی عموما ثابت ہو ہر ناقص و
کامل بلکہ ہر مومن وکافر کے لئے بہی جیسا کہ احادیث وآیات سابقہ سے متعدد برہان اسپر
گذر چکی اور آیندہ بہی آتی ہین انشاء اللہ تعالی تو اب اسکی چندان ضرورت نہین کہ

پندرہوین حدیث ۱۵

بواسطہ تبعیت خواص کے لئے یہ کمال ثابت کیا جاوے اور نیز یہ طریق استدلال میں
معتقدین ومخلصین اولیا کے واسطے ہے نہ منکرین کے واسطے بلکہ اونکے اوپر صریح دلائل
اصول شرع حجت ہیں جیسے حدیث ابی ہریرہؓ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت بسند جید
اور طرق متعددہ سے مروی اور ثابت ہے **شفاء الاسقام** میں **علامہ سبکی**
بعد ذکر کرنے اون احادیث کے جن سے درود وسلام کا پیش کیا جانا ثابت ہے لکھتے ہیں
کان مقصودنا بجمیع ہذہ الاحادیث بیان العرض علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وان المراد بہ التبلیغ
من الملائکۃ وہذا فی حق الغائب بلا اشکال **واما فی حق الحاضر عند القبر** فہل یکون
کذلک او یسمعہ بغیر واسطۃ ورد فی ذلک حدیثان **احدہما مَن صلّٰی عَلَیَّ عند قبری سَمِعتُہ** ومن
صلّٰی نائیاً بلغتہ الخ ایسا ہی **الجوہر المنظم** فی زیارۃ القبر المکرم میں **امام**
محقق ابن حجر تحریر فرماتے ہیں ومن اعظم فوائد الزیارۃ ان زائرہ صلی اللہ علیہ وسلم
اذا صلّٰی وسلم علیہ عند قبرہ سَمِعَہ سماعاً حقیقیاً ورد علیہ من غیر واسطۃ وناہیک بذلک بخلاف
من یصلّی او یسلم من بعد فان ذلک لا یبلغہ ولا یسمعہ الا بواسطۃ **والدلیل علی ذلک**
احادیث کثیرۃ ذکرتہا فی کتابی السابق ذکرہ **منہا** ما جاء عنہ صلی اللہ علیہ وسلم
بسند جید **مَن صلّٰی عَلَیَّ عند قبری** سَمِعتُہ ومن صلّٰی علیّ من بعید اُبلغتہ (الی قولہ)
انہ صلی اللہ علیہ وسلم یُبلَّغ الصلوۃ والسلام اذا احد من بعد ویسمعہا اذا کانا عند قبرہ الشریف
بلا واسطۃ انتہٰی ایسا ہی **الدر المنیفۃ فی الزیارۃ المصطفویۃ** میں **ملا علی**
قاری رحمۃ اللہ علیہ ارقام فرماتے ہیں ومن اعظم فوائد الزیارۃ ان زائرہ صلی اللہ
علیہ وسلم اذا صلی وسلم علیہ عند قبرہ سمعہ سماعاً حقیقیاً ورد علیہ من غیر واسطۃ بخلاف من یصلی
ویسلم علیہ من بعید فان ذلک لا یبلغہ الا بواسطۃ لما جاء عنہ صلی اللہ علیہ وسلم بسند جید
من صلّٰی علی عند قبری سمعتہ ومن صلّٰی علیّ من بعید اُبلغتہ اور **شیخ محمد بن**
عبد الباقی زرقانی شرح مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں **روی**

الخطیب عن ابی ہریرۃ مرفوعًا من صلی علیّ عند قبری سمعتہ ومن صلی علیّ
نائیا وکل اللہ بہا ملکًا یبلغنی و رواہ الدیلمی بلفظ نائیا ابلغتہ فظاہرہ ان محل تبلیغہ نائیا
مالم یکن المصلی عند القبر الشریف والا سمعہ بنفسہ قال الشہاب ابن حجر فی فتاواہ
والذی یظہر ان المراد بالعندیۃ ان یکون فی محل قریب من القبر بحیث یصدق علیہ عرفا انہ عندہ
وبالبعد عنہ ما عدا ذلک وان کان بمسجدہ وفی القول البدیع اذا صلّٰی المصلی عند
قبرہ الشریف سمعہ بلا واسطۃ سواء کان لیلۃ الجمعۃ او غیرہا انتہی تنزیہ الشریعہ
عن الاحادیث الموضوعہ میں ابن عراق لکھتے ہیں حدیث ابی ہریرۃ
من صلّٰی علیّ عند قبری سمعتہ اخرجہ البیہقی من ہذا الطریق وتابع السدی
عن الاعمش ابو معاویۃ واخرجہ ابو الشیخ فی الثواب قلت وسندہ جید
کما نقلہ السخاوی عن شیخہ الحافظ ابن حجر ولہ شواہد من حدیث ابن مسعودؓ و
وابن عباسؓ وابی ہریرۃ اخرجہا البیہقی ومن حدیث ابی بکر الصدیقؓ
اخرجہ الدیلمی ومن حدیث عمار اخرجہ العقیلی من طریق علی بن القاسم انتہی سولھوین
حدیث عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت کنت ادخل بیتی الذی فیہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم وانی واضع ثوبی واقول انما ہو زوجی وابی فلما دفن عمرؓ معہم فواللہ ما دخلتہ الا وانا
مشدودۃ علیّ ثیابی حیاء من عمر رواہ احمد ترجمہ حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا
فرماتی ہین کہ مین حضور کی قبر شریف پر جو میرے گھر کے اندر تھی بے چادر اوڑھے جایا کرتی تھی
اس خیال سے کہ یہان کوئی اجنبی شخص نہین ہے صرف میرے شوہر اور میرے باپ ہین
جب ان کے ساتھ عمر رضی اللہ عنہ دفن ہوئے تو قسم خدا کی مین کبھی بے چادر کے زیارت
شریف پر نہین گئی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے شرم کے مارے انتہی اگر ظاہر کے مری ہوونکو
ادراک وشعور اور سمع وبصر کامل نہین ہے تو ان سے پردہ اور حیا کرنیکی کیا وجہ اس سے
